## سوال

نماز کے بارے میں دو سوالات

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

1۔ بعض لوگوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت علی ﷺ کے حجرہ میں دو رکعت نماز پڑھنا ضروری ہے۔

2۔ بعض لوگ نماز کا سلام پھیر کر سر پر ہاتھ رکھتے ہیں اور کہتے ہیں یہ سنت ہے۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

1۔ حجرۂ علی ﷺ میں دو رکعت نماز کو واجب سمجھا غلط عقیدہ ہے، بلکہ یہ انتہائی بری بدعت ہے۔

2۔ نماز کا سلام پھیر کر سر پر ہاتھ رکھنا سنت نہیں بلکہ یہ نئی ایجاد شدہ بدعت ہے اور نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہمارے اس دین میں کام نکالے گا جو اس میں سے نہیں تو وہ ناقابل قبول ہے۔''

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

# فتاویٰ دارالسلام

## ج1

## محدث فتویٰ